# نیو یارک اسٹیٹ الیکشن لاء
# (2020 کے قوانین کے باب 55 کے ذریعے ترمیم شدہ)

§ 110-3- ووٹ ڈالنے کے لیے ملازمین کو وقت کی اجازت ہے۔ 1. اگر کسی رجسٹرڈ ووٹر کے پاس اپنے مقررہ اوقات کار سے باہر اس قدر کافی وقت نہیں ہے جس کے اندر وہ جس بھی دن ووٹ ڈال سکتا یا سکتی ہو اس دن وہ ووٹ دے سکے تو، کسی بھی انتخاب میں، دو گھنٹے تک کی تنخواہ کے نقصان کے بغیر، اپنے کام کے اوقات سے باہر اپنے ووٹنگ کے وقت میں شامل ہونے پر، اتنا کام کرنے کا وقت نکال سکتا ہے جو اسے ووٹ دینے کے قابل بنا سکتا ہو۔

2. اگر کسی ملازم کے پاس یا تو پولنگ شروع ہونے اور اس کی ورکنگ شفٹ کے آغاز کے درمیان، یا اس کی ورکنگ شفٹ کے اختتام اور پولز کے بند ہونے کے درمیان لگاتار چار گھنٹے ہیں، تو یوں سمجھا جائے گا کہ اس کے پاس ووٹ ڈالنے کے لیے اپنے کام کے اوقات سے باہر کافی وقت ہے۔ اگر اس کے پاس لگاتار چار گھنٹے سے کم ہوں تو وہ اپنی مرضی کے مطابق کام کا وقت نکال سکتا یا سکتی ہے، جب اس کے کام کے اوقات سے باہر اس کے ووٹنگ کے وقت میں اضافہ کیا جائے تو اسے ووٹ دینے کے قابل بناتا ہو، لیکن اس میں سے دو گھنٹے سے زیادہ تنخواہ کے نقصان کے بغیر نہیں ہوں گے، بشرطیکہ اسے ووٹنگ کے لیے صرف اس کے کام کی شفٹ کے شروع یا اختتام پر چھٹی دی جائے، الّا یہ کہ باہمی طورپر اتفاق ہو جائے۔

3. اگر ملازم کو ووٹ دینے کے لیے کام سے چھٹی کی ضرورت ہو تو ملازم اپنے آجر کو الیکشن کے دن سے دس یا دو کم سے کم دو کاروباری دن پہلے مطلع کرے گا یا کرے گی کہ اسے اس سیکشن کے التزامات کے مطابق ووٹ دینے کے لیے وقت درکار ہے۔

4. ہر الیکشن سے کم سے کم دس ایارم کار پہلے، ہر آجر اس سیکشن کے التزامات کو بیان کرتے ہوئے ایک نوٹس کام کی اس جگہ پر واضح طور پر پوسٹ کرے گا جہاں اپنے کام کی جگہ پر آتے یا جاتے وقت ملازمین اسے دیکھ سکتے ہوں۔ اس طرح کا نوٹس انتخاب کے دن پولنگ کے اختتام تک پوسٹ کیا جائے گا۔

# بملاحظہ تمام ملازمین

## یوم انتخاب کو ووٹ ڈالنے کے لیے ملازمین کو مجاز وقت

N.Y. الیکشن لاء کے سیکشن 3-110[i] میں مذکور ہے کہ:

- اگر آپ کے پاس ووٹ ڈالنے کے لیے لگاتار 4 گھنٹے نہیں ہیں، یا تو پولز شروع ہونے سے لے کر آپ کی ورکنگ شفٹ کے آغاز تک، یا آپ کی ورکنگ شفٹ کے اختتام اور پولز کے اختتام کے درمیان، آپ تنخواہ سے محروم ہوئے بغیر، 2 گھنٹے تک کی چھٹی لے سکتے ہیں تاکہ اگر آپ رجسٹرڈ ووٹر ہیں تو آپ کو ووٹ ڈالنے کا وقت مل جائے۔

- آپ اپنی ورکنگ شفٹ کے آغاز یا اختتام پر وقت نکال سکتے ہیں، جیسا کہ آپ کا آجر نامزد کر سکتا ہے، الّا یہ کہ بصورت دیگر باہمی طورپر اتفاق ہو گیا ہو۔

- آپ پر اپنے آجر کو الیکشن کے دن سے کم از کم 2 دن، لیکن زیادہ سے زیادہ 10 دن پہلے یہ اطلاع دینا لازم ہے کہ آپ ووٹ دینے کے لیے وقت نکالیں گے۔

Revised 6.23.2025

[i] آجرین: ہر الیکشن سے کم سے کم دس کاروباری دن پہلے، ہر آجر اس قانون کے التزامات کو بیان کرتے ہوئے ایک نوٹس کام کی اس جگہ پر واضح طور پر پوسٹ کرے گا جہاں اپنے کام کی جگہ پر آتے یا جاتے وقت ملازمین اسے دیکھ سکتے ہوں۔ اس طرح کا نوٹس انتخاب کے دن پولنگ کے اختتام تک پوسٹ کیا جائے گا۔